112142- سحری میں صرف پانی پر ہی اکتفا کرنا

سوال

کیا سحری میں صرف پانی پینے پر اکتفا کرنے کو سحری کا نام دیا جاسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

"ظاہر تو یہی ہوتا ہے کہ اسے سحری کا نام دیا جائیگا، لیکن جب اسے کھانا نہ ملے تو، کیونکہ حدیث میں ہے کہ :

"جب تم میں سے کوئی افطاری کرے تو وہ تازہ کھجور کے ساتھ افطاری کرے، اگر اسے تازہ کھجور نہ ملے تو وہ عام کھجور کے ساتھ افطاری کر لے، اور اگر کھجور نہ ملے تو چند گھونٹ پانی پی لے "

اس لیے جب اس کے پاس کھانا یعنی کھانے والی چیز نہ ہو یا پھر کھانے والی چیز تو ہو لیکن اسے کھانے کی طلب نہ ہو اور وہ پانی پی لے تو امید ہے کہ اس نے سنت پر عمل کر لیا ہے" انتہی

فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ.